(a) مومنٹم کنزرویشن کے قانون کا (b) نیوٹن کے دوسرے قانون حرکت کا (c) مومنٹس کے اصول کا (d) نیوٹن کے تیسرے قانون حرکت کا

4. بنیادی یونٹس کے حوالے سے جول برابر ہے:
(a) $kg\ m\ s^{-2}$ (b) $kg\ m\ s^{-1}$ (c) $kg\ m^2\ s^{-3}$ (d) $kg\ m^2\ s^{-2}$

5. 2 اور 3 مربع میٹر ایریا کی دو دھاتی پلیٹیں ایک مائع کے اندر ایک جتنی گہرائی میں رکھی گئی ہیں۔ دونوں پلیٹوں پر پریشر میں نسبت ہوگی:
(a) 1:1 (b) $\sqrt{2}:\sqrt{3}$ (c) 2:3 (d) 4:9

6. عموداً اوپر کی طرف پھینکی گئی شے کے لیے g کی علامت کیا رکھی جاتی ہے؟
(a) منفی (b) مثبت (c) صفر (d) لامتناہی

7. تھرمامیٹر کے بلب کی دیواریں پتلی کیوں بنائی جاتی ہیں؟
(a) تاکہ حرارت جلدی اندر پہنچے اور جلد ریڈنگ ملے (b) تاکہ تھرمامیٹر سستا بنے (c) تاکہ مرکری باہر نہ نکلے (d) تاکہ تھرمامیٹر خوبصورت لگے

8. شکل 7.2 سے ٹھوس کے مالیکیولز کے بارے میں کیا معلوم ہوتا ہے؟ [شکل 7.2: قطاروں میں لگے مالیکیولز اپنی جگہ پر دائیں بائیں ہل رہے ہیں]
(a) وہ اپنی جگہ پر ارتعاشی حرکت کرتے ہیں (b) وہ ایک دوسرے کے پاس سے گزرتے ہیں (c) وہ بے ترتیب دور دور بھاگتے ہیں (d) وہ بالکل ساکن رہتے ہیں

9. فری باڈی ڈایاگرام میں کھینچے گئے تیر کی لمبائی کیا ظاہر کرتی ہے؟
(a) فورس کی سمت (b) فورس کی عددی قیمت (c) جسم کا ماس (d) جسم کی ولاسٹی

10. درج ذیل میں سے کون سی مقدار غیر طبیعی مقدار ہے؟
(a) فاصلہ (b) ڈینسٹی (c) رنگ (d) ٹمپریچر

11. کسی میٹریل کو میگنیٹ بنانے کا ایک عام طریقہ ہے:
(a) رگڑنا (b) ضرب لگانا (c) گرم کرنا (d) ایسی سولی نائڈ کے اندر رکھنا جس میں سے الیکٹرک کرنٹ گزر رہا ہو

12. لوہے کا ایک گولا ٹاور سے گرایا گیا اور 4 سیکنڈ میں زمین پر پہنچا۔ ٹاور کی بلندی کتنی ہے؟
(a) 80 میٹر (b) 40 میٹر (c) 160 میٹر (d) 20 میٹر

SECTION-I — SHORT QUESTIONS (30 Marks)

Q.2 Attempt any five parts. **10 = 2 × 5**

((i)) 0.4 kg ماس کا ایک گیند 1.8 m کی بلندی سے فرش پر گرایا جاتا ہے۔ گیند عموداً اوپر کی طرف 0.8 m تک اچھلتا ہے۔ فرش کی بال پر لگائی گئی امپلس کی عددی قیمت اور سمت کیا ہوگی؟

((ii)) مائیکرو میٹر سکریو گیج کے دو حصوں (سلیو اور تھمبل) کی وضاحت کریں۔

((iii)) نمایاں ہندسے کی تعریف کریں اور صفر کے متعلق دو اصول لکھیں۔

((iv)) ایک ویگن سڑک پر $54\ \text{km h}^{-1}$ کی ولاسٹی سے دوڑ رہی ہے۔ تب یکدم بریکیں لگاتی ہے اور رکنے سے پہلے 25 m کا فاصلہ طے کرتی ہے۔ ویگن کا ایکسلریشن معلوم کریں۔

((v)) ویکٹر کی گرافیکل نمائندگی میں سید ھی لائن کی لمبائی اور تیر کا نشان کیا ظاہر کرتے ہیں؟

((vi)) 5 g ماس کی ایک گولی بندوق سے چلائی گئی ہے۔ گولی $300\ \text{m s}^{-1}$ کی ولاسٹی سے نکلتی ہے۔ اگر بندوق کا ماس 10 kg ہو تو بندوق کی پیچھے کی طرف سپیڈ (ولاسٹی) کیا ہوگی؟

((vii)) درج ذیل کو حل کر کے جواب سائنسی نوٹیشن میں لکھیں۔ $[(4.0\ \text{km}) \times (3 \times 10^2\ \text{kg})] \div (5 \times 10^2\ \text{s}^2)$

((viii)) 0.2 kg اور 0.4 kg کے دو بال بالترتیب $20\ \text{m s}^{-1}$ اور $5\ \text{m s}^{-1}$ کی ولاسٹی سے ایک دوسرے کی طرف جا رہے ہیں۔ ٹکراؤ کے بعد 0.2 kg بال کی ولاسٹی $6\ \text{m s}^{-1}$ ہو جاتی ہے۔ 0.4 kg بال کی ولاسٹی کیا ہوگی؟

Q.3 Attempt any five parts. **10 = 2 × 5**

((i)) فورس اور پریشر میں فرق بیان کریں۔

((ii)) ڈبل ڈیکر بس کو ایک طرف جھکا کر اس کا استحکام کیوں جانچا جاتا ہے؟

((iii)) ایک میٹر رول پر نیچے شکل میں ظاہر کیے گئے نقاط پر دو وزن لٹکائے گئے ہیں۔ اگر میٹر رول کو اس کے سنٹر آف گریویٹی (C.G) پر سہارا دے کر متوازن کیا گیا ہے تو نامعلوم وزن W معلوم کریں۔ [شکل: سہارے (C.G) پر متوازن میٹر رول، سہارے سے بائیں 40 cm پر وزن W اور دائیں 30 cm پر 4 N وزن لٹکا ہے]

((iv)) پاور سے کیا مراد ہے؟ اس کے SI یونٹ کی تعریف کریں۔

((v)) تنے ہوئے تیر کمان سے تیر چھوڑا جاتا ہے۔ اس عمل میں انرجی کی تبدیلی بیان کریں۔

((vi)) ایک انجن 100 کلوگرام پانی 25 سیکنڈ میں 80 میٹر بلندی تک اٹھاتا ہے۔ اس انجن کی پاور کتنی ہوگی؟

((vii)) توازن کے دو بنیادی اصول کیا ہیں؟ جن کا اطلاق بلڈنگ، کھلونوں اور ریسنگ کاروں کے ڈیزائننگ میں کیا جاتا ہے؟

((viii)) بیرومیٹر میں سطح سمندر پر پریشر پر پانی کے کالم کی اونچائی کتنی ہوگی اگر مرکری کی بجائے پانی استعمال کیا جائے، جبکہ پانی کی ڈینسٹی $1000\ \text{kg/m}^3$ اور مرکری کی ڈینسٹی $13.6 \times 10^3\ \text{kg/m}^3$ ہو۔

Q.4 Attempt any five parts. **10 = 2 × 5**

((i)) تھیوری اور قانون میں فرق بتائیں۔

((ii)) پیرا میگنیٹک اور ڈایا میگنیٹک میٹریلز میں فرق واضح کریں۔

((iii)) ٹمپریچر $5°\text{F}$ کو سیلسیس اور کیلون سکیل میں تبدیل کریں۔

((iv)) الیکٹرو میگنیٹک کرین سے اٹھایا ہوا بھاری سکریپ مطلوبہ جگہ پر گرانے کے لیے کیا کیا جاتا ہے؟

((v)) الیکٹرو میگنیٹ کی طاقت بڑھانے کے دو طریقے بتائیں۔

((vi)) میکینکس کی بنیاد کن قوانین پر ہے؟ اسے اکثر کیا کہا جاتا ہے؟

((vii)) تھرموکپل تھرمامیٹر کے کام کرنے کا اصول بیان کریں۔ [شکل 7.8: دو مختلف دھاتوں کی تاریں، گرم جنکشن، ٹھنڈا جنکشن اور وولٹ میٹر]

((viii)) گرم ہوا کے غبارے (شکل 7.5) کی مدد سے واضح کریں کہ ٹمپریچر بڑھنے سے انٹرنل انرجی کیسے بڑھتی ہے۔ [شکل 7.5: گرم ہوا کا غبارہ اوپر کی طرف اٹھ رہا ہے]

SECTION-II — LONG QUESTIONS (18 Marks) — Attempt any TWO questions

Q.5

(A) ایک کار دو مختلف ریڈیس کے موڑوں سے ایک جتنی سپیڈ سے گزرتی ہے۔ کس نصف قطر والے موڑ میں اس پر زیادہ سینٹری پیٹل فورس لگتی ہے؟ اپنے جواب کو ثابت کریں۔ 4

(B) فاصلہ اور ڈس پلیسمنٹ کے درمیان فرق واضح کریں 5

Q.6

(A) حرارتی انرجی کے حوالے سے درختوں کی کٹائی – کیا یہ قابلِ تجدید انرجی ہے؟ 4

(B) بحث کریں کہ کیا سورج ایک مادہ ہے 5

Q.7

(A) الیکٹرک کرنٹ یا الیکٹرونز کی حرکت میگنیٹک فیلڈ پیدا کرتے ہیں۔ کیا اس کے الٹ عمل بھی ممکن ہے، یعنی میگنیٹک فیلڈ الیکٹرک کرنٹ پیدا کرتا ہے؟ اگر ہاں، تو کوئی ایک مثال دیں اور اسے مختصر طور پر بیان کریں۔ 4

(B) ٹائر کی سٹیٹک اور بریک لگانے کی فورس کے سیاق و سباق کے ساتھ گاڑیوں کی حرکت میں فرکشن کے اثرات کی وضاحت کریں۔ 5

PRACTICE PAPER No. 9 — SSC PART-I (9th Class) — PHYSICS (NEW COURSE)

Board Pattern 2026 · Objective: 12 Marks · Subjective: 48 Marks · Total: 60 · Time (Subjective): 1.45 Hours

OBJECTIVE — Attempt all 12 MCQs (12 Marks)

1. اگر کوئی جسم ایک مقام کے لحاظ سے اپنی جگہ نہ بدلے تو اس کی حالت کہلائے گی:

(a) ریسٹ (b) موشن (c) یکساں موشن (d) متغیر موشن

2. لوہے کو میگنیٹ کو چھوئے بغیر میگنیٹ بنانے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟

(a) میگنیٹائزیشن (b) ڈی میگنیٹائزیشن (c) الیکٹرولیسز (d) حرارتی توسیع

3. مطلق صفر پر مادے کے مالیکیولز کی اوسط کائی نیٹک انرجی کتنی ہوتی ہے؟

(a) صفر (b) زیادہ سے زیادہ (c) معمول کے برابر (d) لامحدود

4. کون سا بنیادی یونٹ واحد ہے جس کے ساتھ پریفکس لگا ہوتا ہے؟

(a) میٹر (b) کلوگرام (c) سیکنڈ (d) ایمپیئر

5. سولر سیلز کو اور کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

(a) فوٹو وولٹائیک سیلز (b) تھرمل سیلز (c) کیمیکل سیلز (d) نیوکلیئر سیلز

6. مکینیکل سٹاپ واچ کا لیسٹ کاؤنٹ کتنا ہے؟

(a) 1 سیکنڈ (b) 0.1 سیکنڈ (c) 0.01 سیکنڈ (d) 1 منٹ

7. نیوٹن کے تیسرے قانون کے مطابق عمل اور ردعمل کی فورسز کن اجسام پر عمل کرتی ہیں؟

(a) ایک ہی جسم پر، اس لیے زائل ہو جاتی ہیں (b) مختلف اجسام پر، اس لیے ایک دوسرے کو زائل نہیں کر سکتیں (c) صرف زمین پر (d) صرف خلا میں

8. [شکل 6.12: U-ٹیوب مینومیٹر جس کے چھوٹے بازو میں مرکری کی سطح بڑے بازو سے اونچی ہے] مینومیٹر کے چھوٹے بازو میں مرکری کی سطح بڑے بازو سے اونچی ہو تو سلنڈر میں گیس کا پریشر فضائی پریشر سے:

(a) کم ہوگا (b) زیادہ ہوگا (c) برابر ہوگا (d) دوگنا ہوگا

9. حرارت کیا ہے؟

(a) مالیکیولز کی کل کائی نیٹک انرجی (b) انٹرنل انرجی (c) مالیکیولز کا کیا گیا ورک (d) دوران انتقال انرجی

10. دروازوں کے ہینڈل قبضوں (hinges) سے دور کیوں لگائے جاتے ہیں؟

(a) خوبصورتی کے لیے (b) مومنٹ آرم بڑھانے کے لیے تاکہ کم فورس سے دروازہ کھلے (c) قبضے مضبوط کرنے کے لیے (d) دروازہ بھاری کرنے کے لیے

11. مذکورہ حاصل ویکٹر x-ایکسز کے ساتھ کتنے زاویے پر ماپا گیا؟

(a) 45° (b) 30° (c) 60° (d) 49°

12. بائیولوجیکل سائنسز کا تعلق کن چیزوں کے مطالعہ سے ہے؟

(a) جاندار چیزوں (b) بے جان چیزوں (c) آسمانی اجسام (d) کیمیائی مرکبات

SECTION-I — SHORT QUESTIONS (30 Marks)

Q.2 Attempt any five parts. **10 = 2 × 5**

((i)) منفی ایکسلریشن (ڈی ایکسلریشن) سے کیا مراد ہے؟ مثال دیں۔

(ii)) 40 نیوٹن وزن سے ایک سپرنگ 20 ملی میٹر کھنچ جاتا ہے۔ اس کا سپرنگ کونسٹنٹ معلوم کریں۔ اگر ایک جسم اسی سپرنگ میں 16 ملی میٹر کھینچاپیدا کرے تو اس کا وزن کیا ہوگا؟

(iii)) کسی فورس کے عمل کرنے کی لائن کیا ہوتی ہے؟

(iv)) حرارت کی تعریف کریں۔ وضاحت کریں کہ ایک شے سے دوسری شے میں انرجی منتقل ہوتے ہوئے حرارت کہلاتی ہے۔

(v)) ٹھوس جسم اور ایکسز آف روٹیشن کی تعریف کریں۔

(vi)) حوالہ ایکسز سے کیا مراد ہے؟ نقطہ آغاز کی وضاحت کریں۔

(vii)) 25°C کے برابر فارن ہائیٹ اور کیلون سکیلز میں کیا ٹمپریچر ہوں گے؟

(viii)) 5 لیٹر دودھ کا ماس 4.5 kg ہے۔ اس کی ڈینسٹی SI یونٹس میں معلوم کریں۔

Q.3 Attempt any five parts. **10 = 2 × 5**

(i)) سامنے شکل میں دونوں رسیوں میں تناؤ معلوم کریں جب کہ بلاک کا وزن 150 N ہو۔ [شکل: 150 N بلاک دو رسیوں سے لٹکا ہے، بائیں رسی چھت کے ساتھ 60° کا زاویہ بناتی ہے اور دائیں رسی افقی ہے]

(ii)) کنکریوں پر ننگے پاؤں چلنا تکلیف دہ کیوں ہوتا ہے؟

(iii)) ایک فورس F_1 10 سیکنڈ میں 5 جول ورک کرتی ہے۔ ایک دوسری فورس F_2 5 سیکنڈ میں 3 جول ورک کرتی ہے۔ کونسی فورس زیادہ پاور کی حامل ہے؟

(iv)) ایکسٹینشن اور کمپریشن میں فرق بیان کریں۔

(v)) قابلِ تجدید انرجی اور ناقابلِ تجدید انرجی میں کیا فرق ہے؟

(vi)) گھومنے کی حرکت اور انتقالی حرکت کی ہم منصب (counterpart) مقداریں لکھیں۔

(vii)) ایک آہستہ چلتی ہوئی کار کی کائینیٹک انرجی ایک تیز رفتار موٹر سائیکل سے زیادہ ہے۔ یہ کیسے ممکن ہے؟

(viii)) مومنٹ آف فورس کی تعریف کریں۔ ثابت کریں کہ $\tau = rF\sin\theta$ جس میں θ، r اور F کے درمیان زاویہ ہے۔

Q.4 Attempt any five parts. **10 = 2 × 5**

(i)) پلازما کی تعریف کریں۔ اسے مادے کی چوتھی حالت کیوں سمجھا جاتا ہے؟

(ii)) جب آپ کسی سرد شے کو چھوتے ہیں تو کیا اس شے سے انرجی آپ کے ہاتھ میں منتقل ہوتی ہے یا آپ کے ہاتھ سے انرجی اس شے میں منتقل ہوتی ہے؟

(iii)) فزکس کیا ہے؟ اس کی چند شاخوں کے نام لکھیں۔

(iv)) میگلیو ٹرین 400 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار کیسے حاصل کر لیتی ہے؟

(v)) سرگرمی 8.2 میں شیشے کی پلیٹ پر لوہے کا برادہ چھڑکنے سے کیا مشاہدہ ہوتا ہے اور یہ کیا ظاہر کرتا ہے؟

(vi)) مطلق صفر (Absolute Zero) سے کیا مراد ہے؟ اس کی قیمت بتائیں۔

(vii)) بائیوفزکس کی مثالوں سمیت وضاحت کریں۔

(viii)) اے سی جنریٹر میں مستقل میگنیٹ کا کیا کردار ہے؟

SECTION-II — LONG QUESTIONS (18 Marks) — Attempt any TWO questions

Q.5

(A) ایئربیگ حفاظت کے طور پر گاڑیوں میں لگائے جاتے ہیں۔ مومنٹم کے لحاظ سے سیٹ بیلٹس کی نسبت ایئربیگ زیادہ فائدہ مند کیوں ہیں؟ 4

(B) کیا مادے کے مالیکیولز کی کائی نیٹک تھیوری کا اطلاق مادے کی پلازما کی حالت پر ہوتا ہے؟ مختصر طور پر بیان کریں 5

Q.6

(A) دو برابر وزن رکھنے والے لیکن مختلف اونچائی کے ڈبے (Boxes) ایک ٹرک کے فرش پر پڑے ہیں۔ اگر ٹرک چلتا ہو ایک دم رک جائے تو کس ڈبے کے الٹنے کا زیادہ امکان ہے؟ اور کیوں؟ 4

(B) بلاک ڈایاگرام بنا کر درج ذیل ذرائع سے الیکٹریسٹی جنریشن بیان کریں: (الف) ہائیڈرو الیکٹرک پاور جنریشن (ب) فوسل فیولز 5

Q.7

(A) سرکٹ بریکر کیا ہوتا ہے؟ ڈائیگرام کی مدد سے اس کے کام کرنے کا عمل بیان کریں 4

(B) ثابت کریں کہ سپیڈ-وقت گراف کے نیچے رقبہ کسی جسم کے طے کردہ فاصلہ کے برابر ہوتا ہے 5

PRACTICE PAPER No. 10 — SSC PART-I (9th Class) — PHYSICS (NEW COURSE)

Board Pattern 2026 · Objective: 12 Marks · Subjective: 48 Marks · Total: 60 · Time (Subjective): 1.45 Hours

OBJECTIVE — Attempt all 12 MCQs (12 Marks)

1. قیام پذیر توازن قائم رہنے کی بنیادی شرط کیا ہے؟
(a) سنٹر آف گریویٹی بنیاد کے اندر رہے (b) سنٹر آف گریویٹی بنیاد سے باہر ہو (c) وزن صفر ہو (d) ٹارک زیادہ سے زیادہ ہو

2. کون سا تھرمامیٹر تیزی سے تبدیل ہوتے ہوئے ٹمپریچر کو پڑھنے کے لیے سب سے زیادہ موزوں ہے؟
(a) تھرمو کپل تھرمامیٹر (b) شیشے میں مرکری کا لیبارٹری تھرمامیٹر (c) شیشے میں الکحل کا تھرمامیٹر (d) شیشے میں مرکری کا ڈاکٹری تھرمامیٹر

3. سائنسی طریقہ کار کا چوتھا مرحلہ کون سا ہے؟
(a) مفروضے کی تصدیق کے لیے تجربہ کرنا یا ثبوت اکٹھے کرنا (b) ڈیٹا کو ترتیب دینا (c) مسئلے کی شناخت (d) مفروضہ قائم کرنا

4. مدوجزر کیوں ہوتا ہے؟
(a) چاند کی گریویٹیشنل فورس کی وجہ سے (b) سورج کی حرارت کی وجہ سے (c) ہوا کے دباؤ کی وجہ سے (d) زمین کی گردش کی وجہ سے

5. مالیکیولز کے درمیان فاصلہ بڑھنے سے انٹر مالیکیولر (کشش کی) فورس پر کیا اثر پڑتا ہے؟
(a) بڑھ جاتی ہے (b) کم ہو جاتی ہے (c) ختم ہو جاتی ہے (d) کوئی فرق نہیں پڑتا

6. حرکت کرتے جسم کے مومنٹم کا فارمولا کیا ہے؟
(a) $p = m + v$ (b) $p = m \times v$ (c) $p = m / v$ (d) $p = m - v$

7. میگنیٹک لائنز آف فورس:
(a) ہمیشہ سیدھی لائنوں میں ہوتی ہیں (b) ایک دوسری کو قطع کرتی ہیں (c) شمالی پول میں داخل ہوتی ہیں (d) جنوبی پول میں داخل ہوتی ہیں

8. مائیکرو میٹر سکریو گیج کا لیسٹ کاؤنٹ کتنا ہے؟
(a) **0.1** mm (b) **0.01** mm (c) **0.5** mm (d) **1** mm

9. ایک فیمٹو میٹر برابر ہے:
(a) 10^{-9} m (b) 10^{-15} m (c) 10^{9} m (d) 10^{15} m

10. کسی بلندی سے آزادانہ گرنے کے لیے چھوڑی گئی شے کی ابتدائی ولاسٹی v_i کیا لی جاتی ہے؟
(a) صفر (b) زیادہ سے زیادہ (c) g کے برابر (d) منفی

11. گیلوانومیٹر میں لگے ہیئر سپرنگ کا کیا کردار ہے؟
(a) نیڈل کو زیرو پوزیشن پر واپس لانا (b) کرنٹ پیدا کرنا (c) مقناطیسی میدان بنانا (d) وولٹیج بڑھانا

12. **300** N اور **400** N کے دو ویکٹرز کو گرافیکل طریقے سے جمع کرنے پر حاصل ویکٹر کی عددی قیمت کتنی نکلی؟ [شکل **2.4**: دونوں ویکٹرز x-ایکسز کے ساتھ بالترتیب **30**° اور **60**° کے زاویے پر]
(a) **680** N (b) **700** N (c) **500** N (d) **600** N

SECTION-I — SHORT QUESTIONS (30 Marks)

Q.2 Attempt any five parts. **10 = 2 × 5**

((i)) یکساں اور غیر یکساں ایکسلریشن میں فرق واضح کریں۔
((ii)) فاصلہ-وقت گراف میں افقی لائن اور اوپر کی طرف کرو ہوتی ہوئی لائن کیا ظاہر کرتی ہیں؟
((iii)) آب و ہوا کی تبدیلی کو سمجھنے کے لیے کن علوم کے ماہرین کی ضرورت ہوتی ہے؟
((iv)) ویکٹر مقداریں بعض اوقات سکیلر انداز میں لکھی جاتی ہیں (یعنی ملٹی حروف میں نہیں) پھر ان کی سمت کیسے ظاہر کی جاتی ہے؟
((v)) سکیلر اور ویکٹر مقداروں کی تعریف کریں۔
((vi)) فورس-ایکسٹینشن گراف کی سلوپ کیا ظاہر کرتی ہے؟
((vii)) غیر باقاعدہ شکل والی ٹھوس شے کا والیوم تجربے سے کیسے معلوم کریں گے؟
((viii)) اپنے الفاظ میں بیان کریں کہ سائنس کیا ہے؟ اس کے دو بنیادی گروپوں کے نام لکھیں۔

Q.3 Attempt any five parts. **10 = 2 × 5**

((i)) بائیو گیس کیسے بنائی جاتی ہے؟
((ii)) دوڑتی ہوئی خاتون سیڑھی پر چڑھتی ہے۔ اس دوران وہ 4500 جول گریوی ٹیشنل پوٹینشل انرجی حاصل کرتی ہے۔ اگر وہ اسی سیڑھی پر پہلے سے دوگنا سپیڈ سے دوڑتی ہوئی چڑھے تو وہ کتنی پوٹینشل انرجی حاصل کرے گی؟
((iii)) ایک گرم ہوا والے غبارے میں مندرجہ ذیل ڈیٹا ریکارڈ کیا گیا۔ بلندی اور پریشر کے درمیان ایک گراف کھینچیں اور معلوم کریں: (i) سطح سمندر پر ہوا کا پریشر کتنا ہوگا؟ (ii) کتنی بلندی پر ہوا کا پریشر 90 kPa ہو جائے گا؟ [ٹیبل: بلندی (m):
150، 500، 800، 1140، 1300، 1500؛ پریشر (kPa): 85.3، 87.2، 88.9، 92.4، 95.7، 99.5]
((iv)) ایک کار کے ہائیڈرالک بریک سسٹم کے پسٹن پر 500 N کی فورس عمل کر رہی ہے۔ اگر بریک پیڈ کا ایریا آف کراس سیکشن $5\ cm^2$ ہو تو معلوم کریں: (i) بریک آئل پر کتنا پریشر منتقل ہوگا؟ (ii) بریک پسٹن پر کتنی فورس عمل کرے گی اگر اس کے پسٹن کا ایریا آف کراس سیکشن $20\ cm^2$ ہو؟
((v)) سولر انرجی سے الیکٹریسٹی حاصل کرنے کے کتاب میں بیان کردہ دو طریقے لکھیں۔
((vi)) کسی ایسے جسم کی مثال دیں جو حرکت کر رہی ہو لیکن توازن کی حالت میں ہو۔
((vii)) سائنسی طریقہ کار کے بنیادی مراحل کی لسٹ تیار کریں۔
((viii)) 60 گرام کی ایک ٹھوس شے کو جب پیمائشی سلنڈر کے اندر ڈبویا گیا تو پانی کی سطح $40\ cm^3$ سے بڑھ کر $44\ cm^3$ پر چلی گئی۔ ٹھوس شے کی ڈینسٹی معلوم کریں۔

Q.4 Attempt any five parts. **10 = 2 × 5**

((i)) میگنیٹک ریلے میں چھوٹا کرنٹ بڑے کرنٹ والے سرکٹ کو کیسے آن کرتا ہے؟
((ii)) میگنیٹک ڈائی پول کیا ہوتا ہے؟
((iii)) ٹائم ڈائلیشن سے کیا مراد ہے؟
((iv)) ایک میگنیٹک ڈومین میں تقریباً کتنے ایٹم ہوتے ہیں اور اس کا سائز کتنا ہوتا ہے؟
((v)) پینڈولم کی مثال سے وقت کی پیمائش کیسے واضح ہوتی ہے؟
((vi)) کسی شے کے ٹمپریچر سے کیا مراد ہے؟
((vii)) مندرجہ ذیل ویکٹرز کی نمائندہ لائنیں کھینچیں۔ (الف) ایک $400\ m\ s^{-1}$ ولاسٹی x-ایکسز کے ساتھ 60° کا زاویہ بناتی ہے۔ (ب) ایک 50 N فورس x-ایکسز کے ساتھ 120° کا زاویہ بناتی ہے۔
((viii)) ڈی فارمنگ فورس سے کیا مراد ہے؟

SECTION-II — LONG QUESTIONS (18 Marks) — Attempt any TWO questions

Q.5

(A) دو سطحوں کے درمیان فرکشن کو مدنظر رکھتے ہوئے میز پر کسی بلاک کی حرکت بیان کریں۔ سٹیٹک فرکشن اور کائی نیٹک فرکشن کیا ہوتی ہیں؟ **4**

(B) موشن کی مختلف اقسام بیان کریں۔ مثالیں بھی دیں۔ **5**

Q.6

(A) درج ذیل کے مابین فرق واضح کریں: (i) ریسٹ اور موشن (ii) سپیڈ اور ولاسٹی **4**

(B) ایک جسم میں ایک جول انرجی ہے۔ اس بیان پر تبصرہ کریں۔ **5**

Q.7

(A) چار مشابہ سولی نائڈز ایک دائرے میں رکھی گئی ہیں جیسا کہ سامنے شکل میں دکھایا گیا ہے [A، B، C، D سولی نائڈز دائرے کے گرد، مرکز O]۔ کرنٹ کی مقدار سب میں ایک جیسی ہونی چاہیے۔ ڈایا گرام میں کرنٹ کی سمت اس طرح ظاہر کریں کہ اگر کسی بھی ایک سولی نائڈ میں کرنٹ بند کر دیا جائے تو سنٹر O پر حاصل فیلڈ کی سمت اس سولی نائڈ کی طرف ہے۔ اپنے جواب کی وضاحت کریں۔ **4**

(B) کیلون سکیل پر منفی ٹمپریچر کا کوئی نشان کیوں نہیں ہوتا؟ **5**

ANSWER KEY — All 10 Practice Papers

Paper 1

MCQ Answers

1. (a) - (b) .2 ·$-273.15°C$ سیکنڈ کے سوویں حصے تک ·3. (b) پیالے کے بیٹریل سے باہر ·4. (b) (a) .5 ·$1125.8\ J$ کون آگے پیچھے ہل کر ہوا میں ارتعاش پیدا کرے ·6. (a) وہ شیشے کو گیلا نہ کرے ·7. (b) (a) .8 ·10^{12} کائنی میٹکس ·9. (b) چاند کی کشش ثقل زمین سے کم ہے ·10. (a) او سمیم ·11. (a) سرکلر موشن ·12. (a) ایٹم سے چھوٹے ذرات سے لے کر بڑے ستاروں اور گیلیکسیز تک

Section-I — Short Answers

Q2(i) حل: $v_i = 5\ m\ s^{-1}$، $a = 1.5\ m\ s^{-2}$، $t = 5\ s$۔ فارمولا: $v_f = v_i + at = 5 + (1.5 \times 5) = 5 + 7.5 = 12.5\ m\ s^{-1}$۔ جواب: $12.5\ m\ s^{-1}$۔

Q2(ii) نہیں۔ ہوا کی مزاحمت نہ ہو تو بھاری اور ہلکا جسم ایک ہی ایکسلریشن ($g = 10\ m\ s^{-2}$) سے گرتے ہیں، اس لیے دونوں ایک ساتھ زمین پر پہنچتے ہیں۔ بھاری ہونے سے گرنے کی رفتار نہیں بڑھتی۔

Q2(iii) نیوٹن کے قوانین صرف روزمرہ زندگی کی عام سپیڈ سے حرکت کرنے والے اجسام پر لاگو ہوتے ہیں۔ یہ ان صورتوں میں لاگو نہیں ہوتے جب اجسام نہایت چھوٹے پیمانے پر روشنی کی سپیڈ کے قریب حرکت کر رہے ہوں — ایسی صورتوں میں آئن سٹائن کے نظریہ اضافیت کا اطلاق ہوتا ہے۔

Q2(iv) اگر گاڑی کا فرنٹ چپٹا ہو تو اسے ہوا کی زیادہ مزاحمت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سٹریم لائن (ترچھی یعنی نوک دار) باڈی بنانے سے ہوا گاڑی کی سطح کے اوپر سے آسانی سے گزر جاتی ہے، جس سے ہوا کی مزاحمت کم سے کم ہو جاتی ہے۔ اسی لیے ایسی گاڑیوں کو سٹریم لائنڈ کہا جاتا ہے۔

Q2(v) حل: (الف) $5.0 \times 10^4\ cm = 5.0 \times 10^2\ m = 0.5\ km$۔ (ب) $1580 \times 10^2\ g = 158000\ g = 158\ kg$ (کتاب میں $58\ kg$ درج ہے جو چھپائی کی غلطی ہے — درست قیمت $580 \times 10^2\ g$ پر $58\ kg$ بنتی ہے)۔ (ج) $45 \times 10^{-4}\ s = 4.5\ ms = 4.5 \times 10^{-3}\ s$۔

Q2(vi) طبیعی مقدار کو ماپا جا سکتا ہے، اس کے لیے پیمائشی آلہ استعمال ہوتا ہے اور اس کی عددی قیمت اور یونٹ ہوتا ہے (مثلاً لمبائی، وقت)۔ غیر طبیعی مقدار کو ماپا نہیں جا سکتا، اس کا کوئی پیمائشی آلہ یا یونٹ نہیں ہوتا (مثلاً محبت، خوف)۔

Q2(vii) فرکشن، ہوا کی مزاحمت، رسی میں تناؤ، سطح کا نارمل ری ایکشن اور مسلز کی کھینچ/دھکا (جیسے گیند کو ٹھوکر مارنا) کونٹیکٹ فورسز کی مثالیں ہیں۔

Q2(viii) حل: 1 دن $= 24 \times 3600 = 86400\ s$۔ (الف) $86400\ s = 86.4\ ks$۔ (ب) 1 ہفتہ $= 7 \times 86400 = 604800\ s = 604.8\ ks$۔ (ج) 1 ماہ (30 دن) $= 30 \times 86400 = 2592000\ s = 2.592\ Ms$۔ جواب: $86.4\ ks$، $604.8\ ks$، $2.592\ Ms$۔

Q3(i) لائک پیرالل فورسز وہ متوازی فورسیں ہیں جو ایک ہی سمت میں عمل کرتی ہیں، جبکہ ان لائک پیرالل فورسز وہ متوازی فورسیں ہیں جو مخالف سمتوں میں عمل کرتی ہیں۔

Q3(ii) سنٹر آف ماس وہ نقطہ ہے جہاں جسم کا تمام ماس مرکوز فرض کیا جا سکتا ہے، جبکہ سنٹر آف گریویٹی وہ نقطہ ہے جہاں جسم کا تمام وزن عمل کرتا ہوا فرض کیا جاتا ہے۔ یکساں کشش ثقل میں دونوں ایک ہی نقطہ ہوتے ہیں۔

Q3(iii) معطیات: $m = 160\ g = 0.16\ kg$، $h = 20\ m$ فارمولا: $PE = mgh$ قیمت رکھنے پر: $PE = 0.16 \times 10 \times 20 = 32$ جواب: $PE = 32\ J$

Q3(iv) جب جسم ساکن رہتا ہے تو اس کی ڈسپلیسمنٹ d صفر ہوتی ہے۔ ورک کا فارمولا $W = F \times d$ ہے، اس لیے $W = F \times 0 = 0$ ہوگا۔ یعنی اس صورت میں کوئی ورک نہیں ہوتا۔

Q3(v) معطیات: $m = 20\ kg$، $F = 40\ N$، $t = 5\ s$ ایکسلریشن: $a = F/m = 40/20 = 2\ m/s^2$ ولاسٹی: $v = at = 2 \times 5 = 10\ m/s$ کائینیٹک انرجی: $KE = ½mv^2 = ½ \times 20 \times (10)^2 = 1000$ جواب: $KE = 1000\ J$

Q3(vi) کسی ویکٹر F کے x اور y ایکسز کے ساتھ عمودی اجزا بالترتیب $F_x = F\cos\theta$ اور $F_y = F\sin\theta$ ہوتے ہیں، جہاں θ ویکٹر کا x-ایکسز کے ساتھ زاویہ ہے۔

Q3(vii) مائع کا پریشر گہرائی کے ساتھ بڑھتا ہے، اس لیے ڈیم کی تہہ میں پانی کا پریشر سب سے زیادہ ہوتا ہے اور اسے برداشت کرنے کے لیے دیوار نیچے سے موٹی بنائی جاتی ہے۔

Q3(viii) معطیات: (i) $F_1 = 500\ N$، $A_1 = 5\ cm^2 = 5 \times 10^{-4}\ m^2$ (ii) پریشر: $P = F/A = 500/(5 \times 10^{-4}) = 1.0 \times 10^6\ N/m^2$ دوسرا پسٹن: $A_2 = 20\ cm^2 = 20 \times 10^{-4}\ m^2$؛ $F_2 = P \times A_2 = 1.0 \times 10^6 \times 20 \times 10^{-4} = 2000\ N$ جواب: (i) $2000\ N$، (ii) $1.0 \times 10^6\ N/m^2$

Q4(i) مفروضہ کسی مشاہدے یا سوال کی ایک عارضی اور قابلِ جانچ وضاحت ہوتا ہے جسے تجربے کے ذریعے پرکھا جا سکتا ہے۔ مثال: "روشنی سید هی لائن میں سفر کرتی ہے" ایک مفروضہ تھا جس کی تجربے سے تصدیق ہونے پر یہ نظریہ بن گیا۔

Q4(ii) لوہے یا سٹیل جیسے میگنیٹک میٹریل کو میگنیٹ کو چھوئے بغیر اس کے میگنیٹک فیلڈ میں رکھ کر میگنیٹ بنانے کے عمل کو میگنیٹائزیشن یعنی انڈیوسڈ میگنیٹزم کہتے ہیں۔

Q4(iii) الیکٹرومیگنیٹزم الیکٹرک کرنٹ اور میگنیٹک فیلڈ کے باہمی تعلق کا مطالعہ ہے۔ کسی میگنیٹک فیلڈ میں کوائل کو گھما کر الیکٹرک کرنٹ پیدا کی جاتی ہے۔

Q4(iv) تھرمومیٹرک خصوصیت کا ٹمپریچر کے ساتھ خطی تعلق ریڈنگ کو درست بناتا ہے، کیونکہ اس صورت میں پیمانے کے برابر حصے ٹمپریچر کے برابر فرق ظاہر کرتے ہیں۔

Q4(v) الکحل بے رنگ مائع ہے اس لیے شیشے کی ٹیوب میں اسے دیکھنا مشکل ہوتا ہے۔ اسے آسانی سے دیکھنے کے لیے سرخ رنگ دیا جاتا ہے، جبکہ مرکری اپنے چاندی جیسے رنگ کی وجہ سے خود ہی واضح نظر آتا ہے۔

Q4(vi) یہ ثابت کرتی ہے کہ میگنیٹ کے فیلڈ میں رکھی کیلیں عارضی میگنیٹ بن جاتی ہیں۔ لوہے کی کیلوں کی زنجیر فوراً ٹوٹ جاتی ہے جبکہ سٹیل کی کیلیں زیادہ دیر تک میگنیٹ رہتی ہیں کیونکہ سٹیل سخت میگنیٹک میٹریل ہے۔

Q4(vii) حرارت وہ انرجی ہے جو ٹمپریچر کے فرق کی وجہ سے ایک شے سے دوسری شے میں منتقل ہوتی ہے، جبکہ انٹرنل انرجی کسی شے کے تمام مالیکیولز کی کائی نیٹک اور پوٹینشل انرجی کا مجموعہ ہے جو اس شے کے اندر موجود ہوتی ہے۔

Q4(viii) نیوڈیمیم ($Nd_2Fe_{14}B$) لوہے اور بورون کا مرکب ہے۔ اس سے بننے والے مستقل میگنیٹس عام میگنیٹس سے کہیں زیادہ طاقتور ہوتے ہیں، اس لیے انہیں دنیا کے طاقتور ترین مستقل میگنیٹس کہا جاتا ہے۔

Section-II — Long Answers (outline)

Q5(A) نیوٹن کے تیسرے قانون کے مطابق جب شخص کنارے کی طرف چھلانگ لگاتا ہے تو وہ کشتی کو مخالف سمت میں دھکیلتا ہے۔ کشتی پیچھے ہٹ جاتی ہے اس لیے چھلانگ کی اصل قوت کم پڑ جاتی ہے اور اکثر شخص کنارے تک پہنچنے کے بجائے پانی میں گر جاتا ہے۔

Q5(B) گراف (ب) صحیح ہے۔ اوپر پھینکی گئی گیند کی ولاسٹی گریویٹی کی وجہ سے یکساں طور پر کم ہوتی ہے، بلند ترین نقطے (T/2) پر صفر ہوتی ہے، پھر منفی سمت (نیچے) میں یکساں طور پر بڑھتی ہے۔ یہی (ب) کی سیدھی لکیر ظاہر کرتی ہے جس کا گریڈینٹ g- ہے۔

Q6(A) مومنٹس کا اصول یہ ہے کہ توازن میں جسم پر کلاک وائز مومنٹس اینٹی کلاک وائز مومنٹس کے برابر ہوتے ہیں۔ مثال: سی-سا پر ایک طرف 30 kg کا بچہ محور سے 2 m پر بیٹھے (مومنٹ = 600 N m) اور دوسری طرف 40 kg کا بچہ 1.5 m پر بیٹھے (مومنٹ = 600 N m) تو دونوں مومنٹ برابر ہونے کی وجہ سے سی-سا متوازن رہتا ہے۔

Q6(B) تیز رفتار پر ٹائر اور سڑک کے درمیان رگڑ بہت زیادہ ہوتی ہے۔ اس رگڑ کی وجہ سے ٹائر کی کائینیٹک انرجی کا کچھ حصہ حرارتی انرجی میں تبدیل ہو جاتا ہے، جس سے ٹائر گرم ہو جاتا ہے۔ گرم ہونے سے ٹائر کے اندر کی ہوا پھیلتی ہے اور اس کا پریشر بڑھ جاتا ہے۔ جب یہ پریشر ٹائر کی برداشت کی حد سے بڑھ جائے تو ٹائر پھٹ جاتا ہے۔ اس لیے لمبے سفر میں ٹائروں کا پریشر چیک کرنا ضروری ہے۔

Q7(A) جہاں لائنز آف فورس گنجان (قریب قریب) ہوں وہاں فیلڈ طاقتور ہوتا ہے، اور جہاں یہ دور دور ہوں وہاں فیلڈ کمزور ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر بار میگنیٹ کے پولز کے قریب لائنیں گنجان ہوتی ہیں اس لیے وہاں فیلڈ طاقتور ہے۔ دو ایک جیسے پولز آمنے سامنے ہوں تو ان کے درمیان نیوٹرل پوائنٹ بنتا ہے جہاں لائنیں نہیں ہوتیں۔ ڈایاگرام میں N سے S کی طرف جاتی ہوئی لائنیں کھینچ کر اس کی وضاحت کی جا سکتی ہے۔

Q7(B) حساسیت بڑھانے کے لیے ٹیوب کا بور تنگ اور بلب بڑا بنایا جاتا ہے۔ رینج بہتر بنانے کے لیے مناسب تھرمومیٹرک مائع چنا جاتا ہے، مثلاً مرکری -39°C سے 357°C تک کام کرتی ہے۔ خطی پن کے لیے ایسا مائع استعمال کیا جاتا ہے جس کا پھیلاؤ ٹمپریچر کے ساتھ خطی ہو، جیسے مرکری، تاکہ پوری رینج میں ریڈنگ درست رہے۔

Paper 2

MCQ Answers

1. (d) بغیر کسی تبدیلی کے مائع کے ہر حصے میں اور اس کو رکھنے والے ب۔ 2. (a) تقریباً 10^{-10} سیکنڈ کے چھوٹے لمحوں کے لیے۔ 3. (a) جیوفزکس۔ 4. (b) زمین کی کشش ثقل جو سینٹری پیٹل فورس مہیا کرتی ہے۔ 5. (a) لوہا، نکل اور کوبالٹ۔ 6. (a) ایلسٹک پوٹینشل انرجی۔ 7. (a) 32°F اور 212°F۔ 8. (a) چوتھی حالت۔ 9. (a) x-ایکسز کی دائیں طرف سے کھڑی مخالف سمت میں۔ 10. (b) ہوا کی مزاحمت وزن کے برابر ہو جاتی ہے تو حاصل فورس صفر ہو جا۔ 11. (a) لمحاتی سپیڈ۔ 12. (a) انٹرنیشنل معیاری کلوگرام

Section-I — Short Answers

Q2(i) کائنی میٹکس میکینکس کی وہ شاخ ہے جس میں فورس کے حوالے کے بغیر اجسام کی حرکت کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ ڈائنامکس میں ان اجسام کی حرکت کا مطالعہ کیا جاتا ہے جو فورس کے زیر اثر حرکت کرتے ہیں یا جن کی حرکت فورس سے تبدیل ہوتی ہے۔

Q2(ii) دی گئی قیمت: $m = 80\ kg$۔ وزن $W = mg$۔ زمین پر $(g = 10\ m\ s^{-2})$: $W = 80 \times 10 = 800\ N$۔ چاند پر $(g = 1.6\ m\ s^{-2})$: $W = 80 \times 1.6 = 128\ N$۔ جواب: زمین پر $800\ N$ اور چاند پر $128\ N$۔

Q2(iii) چونکہ آزادانہ گرنے والی اشیا یکساں گریویٹیشنل ایکسلریشن g کے ساتھ نیچے کی طرف سید ھی لائن میں حرکت کرتی ہیں، اس لیے حرکت کی تینوں مساوات میں ایکسلریشن a کی جگہ g لکھ دیا جاتا ہے، مثلاً $vf = vi + gt$ اور $S = vit + ½gt^2$۔

Q2(iv) نیوٹن کے پہلے قانون کے مطابق خلا میں کوئی مخالف فورس نہ ہونے کی وجہ سے شے اپنی یکساں ولاسٹی سے غیر معینہ مدت تک حرکت جاری رکھے گی، جب تک کوئی بیرونی فورس اس پر عمل نہ کرے۔

Q2(v) لیسٹ کاؤنٹ = $0.01\ cm$۔ مین سکیل ریڈنگ $2.9\ cm$ ہے اور ورنیئر کا 5واں درجہ ملتا ہے، اس لیے کل ریڈنگ = $2.9 + 5 \times 0.01 = 2.95\ cm$۔

Q2(vi) لمبائی – میٹر (m)، ماس – کلوگرام (kg)، وقت – سیکنڈ (s)، ٹمپریچر – کیلون (K)، الیکٹرک کرنٹ – ایمپیئر (A)، مادے کی مقدار – مول (mol)، لومینس انٹینسٹی – کینڈیلا (cd)۔

Q2(vii) فورس اور اس کے عمل کرنے کے دورانیے کا حاصل ضرب امپلس کہلاتا ہے، یعنی امپلس = $F \times \Delta t$۔ یہ مومنٹم میں تبدیلی کے برابر ہوتا ہے اور اس کا یونٹ نیوٹن سیکنڈ (N s) ہے۔

Q2(viii) کسی طبیعی مقدار کا معیاری یونٹ سے موازنہ کرنا پیمائش کہلاتا ہے۔ اس کے دو حصے ہیں: (1) عددی قیمت (2) یونٹ۔ مثلاً 5 میٹر میں 5 عددی قیمت اور میٹر یونٹ ہے۔

Q3(i) (a) قیام پذیر توازن ہے کیونکہ مخروط چپٹی بنیاد پر کھڑا ہے۔ (b) غیر قیام پذیر توازن ہے کیونکہ گیند گنبد کی چوٹی پر ہے۔ (c) نیوٹرل توازن ہے کیونکہ سلنڈر پہلو کے بل لیٹا ہے۔

Q3(ii) معطیات: $F = 20\ N$، $d = 3\ m$، $\theta = 60°$ فارمولا: $W = Fd\ \cos\theta$ قیمت رکھنے پر: $W = 20 \times 3 \times \cos 60° = 60 \times 0.5$ جواب: $W = 30\ J$

Q3(iii) معطیات: $m = 5\ kg \rightarrow F = mg = 50\ N$ زیادہ سے زیادہ پریشر (کم سے کم رقبے پر): $A = 0.05 \times 0.10 = 0.005\ m^2$؛ $P = 50/0.005 = 10{,}000\ Pa$ کم سے کم پریشر (زیادہ سے زیادہ رقبے پر): $A = 0.10 \times 0.20 = 0.02\ m^2$؛ $P = 50/0.02 = 2500\ Pa$ جواب: زیادہ سے زیادہ $1 \times 10^4\ Pa$، کم سے کم $25 \times 10^2\ Pa$

Q3(iv) معطیات: $m = 40\ kg$، $h = 10\ m$، $t = 8\ s$ ورک: $W = mgh = 40 \times 10 \times 10 = 4000\ J$ پاور: $P = W/t = 4000/8$ جواب: $P = 500\ W$

Q3(v) فزکس میں ورک تب ہوتا ہے جب فورس کسی جسم کو اپنے رخ میں فاصلے تک حرکت دے۔ پڑھنے میں کتاب یا جسم کی کوئی ڈسپلیسمنٹ نہیں ہوتی، اس لیے کتنی ہی ذہنی محنت ہو، فزکس کے لحاظ سے ورک صفر ہے۔

Q3(vi) اس میں پاسکل کا قانون استعمال ہوتا ہے۔ بریک پیڈل دبانے سے بریک آئل پر جو پریشر پیدا ہوتا ہے وہ بغیر کمی کے تمام پہیوں کے بریک پسٹنوں تک منتقل ہو جاتا ہے، جس سے بریک پیڈ پہیوں کو یکساں فورس سے دباتے ہیں اور گاڑی رک جاتی ہے۔

Q3(vii) اگر فورس کسی شے کو اینٹی کلاک وائز (گھڑی کی سوئی کے مخالف سمت) گھمانے کی کوشش کرے تو ٹارک مثبت (Positive) ہوتا ہے، اور اگر کلاک وائز گھمانے کی کوشش کرے تو ٹارک منفی (Negative) ہوتا ہے۔ ٹارک کا SI یونٹ نیوٹن میٹر (N m) ہے۔

Q3(viii) مثلث کا سنٹر آف گریویٹی اس کے وسطانیوں کو ملانے والے نقطے پر ہوتا ہے، جبکہ گول پلیٹ کا سنٹر آف گریویٹی پلیٹ کے مرکز میں ہوتا ہے۔ اسی طرح مربع/مستطیل کا وتروں کے تقاطع پر اور کرہ کا اس کے مرکز میں ہوتا ہے۔

Q4(i) تیسرا مرحلہ اس کی توضیح کے لیے قیاس آرائی یا مفروضہ قائم کرنا ہے۔ پانچواں مرحلہ حاصل کردہ ڈیٹا کو ترتیب میں لانا، گراف کھینچنا اور ان کا تجزیہ کر کے کوئی نتیجہ اخذ کر کے نظریہ قائم کرنا ہے۔

Q4(ii) کرنٹ برداری کوائل (سولی نائڈ) بار میگنیٹ جیسا میگنیٹک فیلڈ پیدا کرتی ہے، جس کا ایک سرا شمالی پول اور دوسرا سرا جنوبی پول ہوتا ہے۔

Q4(iii) نچلا مقررہ نقطہ یعنی برف کا نقطہ پگھلاؤ اور بالائی مقررہ نقطہ یعنی بھاپ کا نقطہ۔ ان دونوں نقاط کے درمیان فاصلے کو برابر حصوں میں تقسیم کر کے ڈگریز بنائی جاتی ہیں۔

Q4(iv) مائع کا ٹمپریچر بڑھانے سے اس کے مالیکیولز کی کائی نیٹک انرجی بڑھ جاتی ہے، وہ تیزی سے حرکت کرتے ہیں اور مائع پھیلتا ہے۔

Q4(v) پہلا: گرم کرنا – حرارتی ارتعاش سے میگنیٹزم کم ہو جاتی ہے۔ دوسرا: ہتھوڑے سے بار بار ضرب لگانا – ڈومینز کی ترتیب بگڑ جاتی ہے۔ تیسرا: سولی نائڈ میں رکھ کر اس میں اے سی کرنٹ گزارنا – میگنیٹ ڈی میگنیٹائز ہو جاتا ہے۔

Q4(vi) ریسیور میں ڈایافرام کے پیچھے ایک الیکٹرو میگنیٹ ہوتا ہے۔ دوسری جانب سے آنے والا آواز کے مطابق بدلتا ہوا کرنٹ الیکٹرو میگنیٹ کی طاقت کو کم یا زیادہ کرتا رہتا ہے، جس سے ڈایافرام آگے پیچھے ہل کر آواز پیدا کرتا ہے۔

Q4(vii) شعاعی علاج کینسر کے علاج کے لیے استعمال ہوتا ہے اور یہ میڈیکل فزکس کے اطلاقات میں شامل ہے۔

Q4(viii) گیس کے مالیکیولز کے درمیان کشش نہ ہونے کے برابر اور فاصلے بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ وہ بے ترتیب حرکت کرتے ہوئے برتن کی دیواروں تک پھیل جاتے ہیں، اس لیے گیس کی نہ خاص شکل ہوتی ہے نہ خاص والیوم۔

Section-II — Long Answers (outline)

Q5(A) بے قاعدہ شکل کے گتے کو کسی ایک نقطے سے دھاگے سے لٹکائیں اور اس نقطے سے عمودی لکیر (پلمب لائن) کھینچیں۔ پھر کسی دوسرے نقطے سے لٹکا کر دوبارہ عمودی لکیر کھینچیں۔ دونوں لکیروں کا تقاطع ہی سنٹر آف گریویٹی ہوتا ہے، کیونکہ لٹکا ہوا جسم ہمیشہ اپنے سنٹر آف گریویٹی کے عین نیچے آکر توازن پاتا ہے۔

Q5(B) قطعہ a: ولاسٹی = ڈسپلیسمنٹ ÷ وقت = 2.0 km ÷ 6 min = 0.33 km/min (یعنی 20 km/h) آگے کی سمت میں۔ قطعہ b: ولاسٹی صفر — سائیکلسٹ 4 منٹ رکا رہا۔ قطعہ c: ولاسٹی = 2.0 km ÷ 10 min = 0.2 km/min (یعنی 12 km/h) واپسی کی سمت میں۔

Q6(A) پہلی چوٹی پر سائیکلسٹ کے پاس زیادہ سے زیادہ پوٹینشل انرجی (mgh) اور کم سے کم کائینیٹک انرجی ہوتی ہے۔ ڈھلوان سے اترتے ہوئے پوٹینشل انرجی بتدریج کائینیٹک انرجی میں تبدیل ہوتی ہے، اور وادی (سب سے نچلے مقام) پر کائینیٹک انرجی زیادہ سے زیادہ اور سپیڈ تیز ترین ہو جاتی ہے۔ پھر دوسری ڈھلوان چڑھتے ہوئے کائینیٹک انرجی دوبارہ پوٹینشل انرجی میں تبدیل ہو جاتی ہے، یہاں تک کہ دوسری چوٹی پر پہنچ کر دوبارہ زیادہ سے زیادہ پوٹینشل انرجی حاصل ہو جاتی ہے۔ یہ انرجی کنزرویشن کے قانون کی عملی مثال ہے۔

Q6(B) 1°C بڑا ہے، کیونکہ 1°C کا فرق 1.8°F کے برابر ہوتا ہے۔ سیلسیس سکیل کے 100 درجے فارن ہائیٹ سکیل کے 180 درجوں کے برابر ہیں، اس لیے سیلسیس کا ایک درجہ فارن ہائیٹ کے ایک درجے سے بڑا ہوتا ہے۔

Q7(A) پولز کی نشان دہی: بائیں میگنیٹ کا اوپری سرا N پول اور نچلا سرا S پول ہے، جبکہ دائیں میگنیٹ کا اوپری سرا S پول اور نچلا سرا N پول ہے (مخالف پولز آمنے سامنے رکھے جاتے ہیں)۔ P اور Q نرم لوہے کے کیپرز ہیں جو پولز کے پار رکھے جاتے ہیں تاکہ میگنیٹس ڈی میگنیٹائز نہ ہوں اور ان کی طاقت برقرار رہے۔

Q7(B) نیوٹن کے تیسرے قانون کے مطابق دونوں اشخاص ایک دوسرے پر برابر مگر مخالف فورس لگاتے ہیں۔ مومنٹم کنزرویشن سے $m_1v_1 = m_2v_2$، یعنی $60 \times 4 = 80 \times v_2$، اس لیے $v_2 = 3\ m\ s^{-1}$۔ یعنی 80 kg والا شخص $3\ m\ s^{-1}$ کی ولاسٹی سے مخالف سمت میں حرکت کرے گا۔ برابر اور مخالف فورسز اور مومنٹم کا تحفظ تیسرے قانون کے اطلاق کو ثابت کرتا ہے۔

Paper 3

MCQ Answers

1. (b) کام کرنے والے سے اس چیز کو منتقل ہوتی ہے جس پر ورک کیا گیا · 2. (a) ایمپیئر اور سیکنڈ · 3. (a) Precise not accurate · 4. (a) وزن بڑے رقبے پر تقسیم ہو کر پریشر کم ہو جاتا ہے · 5. (b) پہلی گیند کا تمام مومنٹم دوسری گیند کو منتقل ہو جاتا ہے · 6. (a) تاکہ اسے ٹیوب میں آسانی سے دیکھا جا سکے · 7. (a) 80 N · 8. (a) کسی مسئلے یا معاملے کی شناخت یا پہچان · 9. (a) -40 · 10. (a) 5 m · 11. (a) اصل 9.8 $m\ s^{-2}$، استعمال 10 $m\ s^{-2}$ · 12. (a) نیوڈیمیم ($Nd_2Fe_{14}B$)

Section-I — Short Answers

Q2(i) ہک کے قانون کے مطابق لچکدار حد کے اندر سپرنگ کی لمبائی میں اضافہ اس پر لگائی گئی فورس کے راست متناسب ہوتا ہے: $F = kx$، جہاں k سپرنگ کونسٹنٹ ہے۔ یہ قانون صرف ایلاسٹک لمٹ (لچکدار حد) تک لاگو ہوتا ہے؛ اس سے زیادہ فورس پر سپرنگ مستقل طور پر بگڑ جاتا ہے۔

Q2(ii) کرمپل زونز گاڑی کے اگلے اور پچھلے حصوں میں بنائے جاتے ہیں جو حادثے کی صورت میں دب کر ٹکر سے پیدا ہونے والی انرجی کو جذب کر لیتے ہیں۔ اس طرح ٹکر کی انرجی مسافروں والے حصے (کیبن) تک پوری شدت سے نہیں پہنچتی۔ کیبن کو مضبوط بنایا جاتا ہے اور سیٹ بیلٹس و ایئر بیگز کے ساتھ مل کر یہ نظام مسافروں کو شدید چوٹ سے بچاتا ہے۔

Q2(iii) کسی بھی لمحے گاڑی کی وہ سپیڈ جو اس کا سپیڈومیٹر ظاہر کرتا ہے، لمحاتی سپیڈ کہلاتی ہے جو سفر کے دوران ہر وقت بدلتی رہتی ہے۔ اوسط سپیڈ پورے سفر میں طے کردہ کل فاصلے کو کل وقت سے تقسیم کر کے حاصل ہوتی ہے ($v_av = S/t$) اور عملی طور پر یہی استعمال کی جاتی ہے۔

Q2(iv) فرکشن ایک ایسی فورس ہے جو انرجی کو ضائع کر دیتی ہے — فرکشن کے خلاف کام کرنے میں صرف ہونے والی انرجی حرارت کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے۔ جب ہم اپنے ہاتھوں کو آپس میں رگڑتے ہیں (شکل 3.21) تو فرکشن کی وجہ سے حرارت پیدا ہوتی ہے اور ہاتھ گرم ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح مشینوں کے پرزے اور سڑک پر چلتے ٹائر بھی گرم ہو جاتے ہیں۔

Q2(v) فورس ساکن جسم کو حرکت دے سکتی ہے، متحرک جسم کی سپیڈ یا سمت بدل سکتی ہے، اسے روک سکتی ہے، اور جسم کی شکل بھی بدل سکتی ہے (جیسے ربڑ بینڈ کو کھینچنا)۔

Q2(vi) حل: (الف) $0.035 = 3.5 \times 10^{-3}$ m۔ (ب) $206.4 \times 10^{2} = 2.064 \times 10^{4}$ m۔

Q2(vii) نہیں، غیر طبیعی مقدار (جیسے رنگ یا خوشبو) کی براہِ راست پیمائش نہیں ہو سکتی کیونکہ اس کا کوئی معیاری یونٹ نہیں ہوتا۔ البتہ اس سے جڑی طبیعی مقداروں (مثلاً رنگ کے لیے روشنی کی ویو لینتھ) کی پیمائش کی جا سکتی ہے۔
Q2(viii) میٹر (m) استعمال کریں گے، کیونکہ لمبائی کا SI بنیادی یونٹ میٹر ہے۔
Q3(i) اگر کسی شے کو ہلانے سے وہ نئی جگہ پر بھی اسی حالت میں آجائے اور اس کے سنٹر آف ماس کی اونچائی نہ بدلے تو وہ نیوٹرل توازن میں ہوتی ہے۔ لڑھکتے سلنڈر کا سنٹر اس کے مرکزی ایکسز پر رہتا ہے اس لیے ہر نئی پوزیشن پر اونچائی یکساں رہتی ہے۔
Q3(ii) کائینیٹک انرجی کا فارمولا $KE = \frac{1}{2}mv^2$ ہے، جہاں m جسم کا ماس (کلوگرام میں) اور v اس کی ولاسٹی (میٹر فی سیکنڈ میں) ہے۔ اس کا یونٹ جول ہے۔
Q3(iii) پریشر کا فارمولا $P = F/A$ ہے، یعنی پریشر رقبے کے معکوس متناسب ہوتا ہے۔ ہاتھی کا وزن (فورس) بہت زیادہ ہے؛ پیروں کا رقبہ زیادہ ہونے سے یہ وزن بڑے رقبے پر تقسیم ہو جاتا ہے اور زمین پر پریشر کم پڑتا ہے، جس سے ہاتھی نرم زمین میں نہیں دھنستا۔
Q3(iv) فورس۔ڈسپلیسمنٹ گراف میں ورک گراف کے نیچے رقبے کے برابر ہوتا ہے۔ پہلا حصہ: $W_1 = F \times L = FL$ دوسرا حصہ: $W_2 = 2F \times 2L = \mathbf{4}FL$ کل ورک: $W = FL + \mathbf{4}FL$ جواب: **5**FL (یا **5** یونٹس)
Q3(v) توازن میں عمودی اجزا: $T\sin\mathbf{60}° = \mathbf{5}$، اس لیے $T = \mathbf{5}/\sin\mathbf{60}° = \mathbf{5}/\mathbf{0.866} = \mathbf{5.8}$ N۔ افقی اجزا: $F = T\cos\mathbf{60}° = \mathbf{5.8} \times \mathbf{0.5} = \mathbf{2.9}$ N۔
جواب: $F = \mathbf{2.9}$ N اور $T = \mathbf{5.8}$ N۔
Q3(vi) معطیات: اضافی پریشر $P = \mathbf{10}\ N/cm^2$، $A = \mathbf{50}\ cm^2$ فارمولا: $F = P \times A$ قیمت رکھنے پر: $F = \mathbf{10} \times \mathbf{50} = \mathbf{500}$ جواب: **500** N اضافی وزن
Q3(vii) اگر فورس یکساں ہو تو گراف ایک مستطیل بناتا ہے۔ اس مستطیل (OPQR) کا رقبہ فورس کو ڈسپلیسمنٹ سے ضرب دینے کے برابر ہوتا ہے، اور یہی رقبہ کیا گیا ورک ظاہر کرتا ہے۔
Q3(viii) دائرے میں حرکت کرتے جسم کی ولاسٹی ہمیشہ ٹینجنٹ کے ساتھ ہوتی ہے جبکہ سینٹری پیٹل فورس مرکز کی طرف یعنی رداس کے ساتھ عمل کرتی ہے۔ رداس اور ٹینجنٹ ہمیشہ ایک دوسرے پر عمود ہوتے ہیں، اس لیے فورس ولاسٹی پر ہمیشہ عموداً عمل کرتی ہے۔
Q4(i) بار میگنیٹ کو ڈوری سے افقی لٹکا کر چھوڑ دیا جائے تو اس کا جو سرا شمال کی طرف رخ کرے وہ N پول (north-seeking) اور جو سرا جنوب کی طرف رخ کرے وہ S پول (south-seeking) کہلاتا ہے۔
Q4(ii) مائیکروفون سے آنے والا اے سی کرنٹ وائس کوائل میں گزرتا ہے جو مستقل میگنیٹ کے میگنیٹک فیلڈ میں رکھی ہوتی ہے۔ بدلتا ہوا کرنٹ کوائل پر متغیر فورس لگاتا ہے جس سے اس کے ساتھ جڑا کون آگے پیچھے ہل کر ہوا میں ارتعاش یعنی آواز پیدا کرتا ہے۔
Q4(iii) تھرمومیٹرک خصوصیت مادے کی وہ خصوصیت ہے جو ٹمپریچر کے ساتھ باقاعدگی سے تبدیل ہوتی ہے۔ مثالیں: مائع کا پھیلاؤ، گیس کا دباؤ، دھات کی الیکٹرک مزاحمت اور تھرموکپل کا وولٹیج۔
Q4(iv) قابلِ تردیدیت کا تصور یہ ہے کہ کوئی نظریہ صرف اسی صورت میں سائنسی کہلائے گا جب وہ ایسی پیش گوئی کرے جسے جانچا اور غلط ثابت کیا جا سکے۔ یہ اس لیے اہم ہے کہ اس سے سائنسی نظریات مبہم، غیر مخصوص اور ناقابلِ جانچ دعوؤں اور جھوٹے عقائد سے الگ ہو جاتے ہیں۔
Q4(v) کسی شے کے مالیکیولز کی کائی نیٹک انرجی اور پوٹینشل انرجی کے مجموعے کو اس شے کی انٹرنل انرجی کہتے ہیں۔ مالیکیولز کو ان کی حرکت کی وجہ سے کائی نیٹک انرجی اور باہمی کشش کی فورس کی وجہ سے پوٹینشل انرجی حاصل ہوتی ہے۔
Q4(vi) نہیں، یہ ممکن نہیں۔ میگنیٹ کو جتنے بھی چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹا جائے ہر ٹکڑا N اور S دونوں پولز کے ساتھ ایک مکمل میگنیٹ بن جاتا ہے، اس لیے کوئی پول اکیلا حاصل نہیں ہو سکتا۔
Q4(vii) برف کا نقطہ = **0**°C اور بھاپ کا نقطہ = **100**°C، درمیانی فاصلہ **192** mm۔ مرکری برف کے نقطے سے **67.2** mm اوپر ہے، اس لیے ٹمپریچر = $(\mathbf{67.2} / \mathbf{192}) \times \mathbf{100} = \mathbf{35}$°C۔ جواب: **35**°C۔
Q4(viii) کوانٹم میکینکس فزکس کی وہ شاخ ہے جو ایٹم اور ایٹم سے چھوٹے ذرات کی سطح پر ان کے رویے کی وضاحت کرتی ہے۔

Section-II — Long Answers (outline)

Q5(A) پہلا قانون: کوئی جسم اپنی ریسٹ یا یکساں خطی حرکت کی حالت اس وقت تک برقرار رکھتا ہے جب تک اس پر کوئی بیرونی حاصل فورس عمل نہ کرے۔ دوسرا قانون: جسم میں پیدا ہونے والا ایکسلریشن اس پر عمل کرنے والی حاصل فورس کے راست متناسب اور اس کے ماس کے معکوس متناسب ہوتا ہے، یعنی $F = ma$۔ تیسرا قانون: ہر عمل کا برابر مگر مخالف سمت میں ردعمل ہوتا ہے۔
Q5(B) پانی اس لیے استعمال نہیں ہوتا کیونکہ اس کا پھیلاؤ خطی نہیں ہے (**0**°C سے **4**°C تک یہ سکڑتا ہے) اور یہ شیشے کو گیلا کرتا ہے جس سے ریڈنگ لینا مشکل ہوتا ہے۔ **373** K = **373** − **273** = **100**°C، اور **100**°C فارن ہائیٹ سکیل پر **212**°F کے برابر ہوتا ہے۔

Q6(A) کوئی شے اس وقت الٹتی ہے جب اس کا سنٹر آف گریویٹی سہارے کی بنیاد سے باہر نکل جائے۔ مثال کے طور پر ڈبل ڈیکر بس کا سنٹر آف گریویٹی اونچا ہوتا ہے اس لیے وہ موڑ میں آسانی سے الٹ سکتی ہے۔ اگر سہارے کی بنیاد چوڑی کر دی جائے یا بھاری وزن نیچے منتقل کیا جائے تو سنٹر آف گریویٹی نیچے آجاتا ہے اور شے کی قیام پذیری بڑھ جاتی ہے۔

Q6(B) پہلے جسم کی کائینیٹک انرجی $KE_1 = ½mv^2$ ہے۔ دوسرے جسم کا ماس 2m اور ولاسٹی v/2 ہے، تو اس کی کائینیٹک انرجی $KE_2 = ½(2m)(v/2)^2 = ½(2m)(v^2/4) = ¼mv^2$ ہوگی۔ یہ پہلے جسم کی انرجی ($½mv^2$) کی آدھی ہے۔ اس لیے پہلے جسم (کم ماس مگر زیادہ ولاسٹی والے) کی کائینیٹک انرجی زیادہ ہوگی، کیونکہ انرجی میں ولاسٹی کا مربع شامل ہے۔

Q7(A) شے کو لوہے کی چورا (آئرن فلنگز) کے قریب لائیں۔ میگنیٹ انھیں اپنی طرف کھینچے گا اور چورا اس کے سروں (پولز) پر زیادہ چپکے گی۔ پھر اسے کمپاس کے قریب لائیں: میگنیٹ کا ایک سرا سوئی کو کشش اور دوسرا سرا دفع کرے گا، جبکہ عام میگنیٹک میٹریل صرف کشش کرے گا۔ اس طرح میگنیٹ اور میگنیٹک میٹریل میں فرق کیا جا سکتا ہے۔

Q7(B) ہاں، ممکن ہے۔ اوسط ولاسٹی کا مثبت ہونا صرف یہ بتاتا ہے کہ مجموعی ڈس پلیسمنٹ مثبت سمت میں ہے۔ راستے میں جسم کچھ دیر کے لیے الٹی سمت میں بھی حرکت کر سکتا ہے (منفی لحظاتی ولاسٹی)، بشرطیکہ آخر میں مثبت سمت کا ڈس پلیسمنٹ غالب رہے۔

Paper 4

MCQ Answers

1. (d) ایک کے برابر یا اس سے کم ہوتی ہے۔ 2. (c) فاصلہ۔ 3. (a) قیام پذیر توازن میں ہے۔ 4. (b) کسی جسم پر عمل کرنے والی فورس اس کی مومنٹم میں تبدیلی کی شرح۔ 5. (c) ایکسلریشن کے۔ 6. (b) لیٹر۔ 7. (a) 8. (a) F = kx۔ 9. (a) T_F = 9/5 × T_C + 32۔ مشاہدے کے ذریعے معلومات اکٹھی کرنا۔ 10. (b) اپنی مستقل جگہوں پر ارتعاشی حرکت کرتے ہیں۔ 11. (a) ایک ہی سمت میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک بار بار۔ 12. (c) 337.5 kJ

Section-I — Short Answers

Q2(i) ڈبے میں موجود دوسرے مسافروں کے لحاظ سے وہ اپنی جگہ تبدیل نہیں کرتا اس لیے ریسٹ کی حالت میں ہے، لیکن ریلوے پلیٹ فارم پر کھڑے مشاہدہ کرنے والے شخص کے لحاظ سے وہ مسلسل اپنی جگہ بدل رہا ہے اس لیے موشن کی حالت میں ہے۔ یعنی کسی شے کی ریسٹ اور موشن کی حالت مشاہدہ کرنے والے کے لحاظ سے ہوتی ہے۔

Q2(ii) حل: (الف) 2 — اعشاریے سے پہلے کے صفر شمار نہیں ہوتے۔ (ب) 4 — درمیان والا صفر شمار ہوتا ہے۔ (ج) 3 — آخر والا صفر شمار ہوتا ہے۔ (د) 4۔ جواب: 2، 4، 3، 4۔

Q2(iii) دی گئی قیمت: t = 10 s، v = 30 m s⁻¹، u = 10 m s⁻¹، m = 800 kg۔ ایکسلریشن $a = (v - u)/t = (30 - 10)/10 = 2\ m\ s^{-2}$۔ فورس $F = ma = 800 \times 2 = 1600\ N$۔ جواب: 1600 N۔

Q2(iv) ورنیئر کونسٹنٹ معلوم کرنے کے لیے مین سکیل کے ایک درجے کی لمبائی کو ورنیئر سکیل کے کل درجوں سے تقسیم کیا جاتا ہے۔ مثلاً 1 mm ÷ 10 = 0.1 mm۔ اسے ورنیئر کیلی پرز کا لیسٹ کاؤنٹ بھی کہتے ہیں۔

Q2(v) دی گئی قیمت: $v_2 = 1.2\ m\ s^{-1}$، $m_2 = 9.2 \times 10^3\ kg$، $v_1 = 0.8\ m\ s^{-1}$، $m_1 = 6.5 \times 10^3\ kg$۔ مومنٹم کنزرویشن سے $m_1v_1 + m_2v_2 = V(m_1 + m_2)$۔ $V = (6500 \times 0.8 + 9200 \times 1.2)/(6500 + 9200) = 16240/15700 = 1.03\ m\ s^{-1}$۔ جواب: $1.03\ m\ s^{-1}$۔

Q2(vi) ایک بھاری ڈبے کو فرش پر گھسیٹنے کے لیے زیادہ فورس لگانی پڑتی ہے، جبکہ اسی ڈبے کو پہیوں پر رکھ کر دھکیلنا بہت آسان ہوتا ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ رولنگ فرکشن سلائیڈنگ فرکشن سے کم ہوتی ہے۔

Q2(vii) بہت بڑی یا بہت چھوٹی مقداروں کو آسانی سے لکھنے کے لیے پریفکس استعمال ہوتے ہیں۔ ملٹی پل: کلو (k)، میگا (M)، گیگا (G)۔ سب ملٹی پل: ملی (m)، مائیکرو (μ)، نینو (n)۔

Q2(viii) یہ ظاہر کرتی ہے کہ جسم کی سپیڈ تبدیل نہیں ہو رہی یعنی سپیڈ یکساں ہے۔ چونکہ سپیڈ میں تبدیلی صفر ہے اس لیے گراف کا سلوپ بھی صفر ہوتا ہے، یعنی اس حرکت کا ایکسلریشن صفر ہے۔

Q3(i) معطیات: F = 50 N، d = 20 m، θ = 45°۔ فارمولا: W = Fd cosθ۔ قیمت رکھنے پر: W = 50 × 20 × cos45° = 1000 × 0.707 = 707 J۔ جواب: W = 707 J

Q3(ii) پلاسٹی سین جیسے میٹیریلز غیر لچکدار ہوتے ہیں کیونکہ ان پر سے فورس ہٹانے کے بعد وہ اپنی اصل شکل اور جسامت واپس حاصل نہیں کرتے۔

Q3(iii) کم رقبے کی وجہ سے پیروں کا زمین پر پریشر زیادہ ہوتا ہے، جس سے پیر زمین میں مضبوطی سے جم جاتے ہیں اور پھسلتے نہیں۔ اس سے ہرن کو تیز دوڑنے میں بہتر گرفت ملتی ہے۔

Q3(iv) ڈرائر کا ڈرم تیز رفتاری سے گھومتا ہے تو کپڑوں کو دائرے میں گھمانے کے لیے سینٹری پیٹل فورس درکار ہوتی ہے جو ڈرم کی دیوار مہیا کرتی ہے۔ اسی دباؤ سے کپڑے دیواروں سے لگ جاتے ہیں اور پانی دیواروں کے سوراخوں سے نکل جاتا ہے۔

Q3(v) معطیات: $t = 15$ s، $d = 5$ m، $F = 600$ N ورک: $W = F \times d = 600 \times 5 = 3000$ J پاور: $P = W/t = 3000/15$ جواب: $P = 200$ W

Q3(vi) معطیات: $h = 5$ m، $d = 15$ m، $F = 80$ N، $m = 10$ kg ان پٹ انرجی: $W = F \times d = 80 \times 15 = 1200$ J آؤٹ پٹ انرجی: $PE = mgh = 10 \times 10 \times 5 = 500$ J ایفی شینسی $= (500/1200) \times 100$ جواب: 41.7%

Q3(vii) فورس کے عمل کی لائن کا ایکسز آف روٹیشن سے عمودی فاصلہ مومنٹ آرم کہلاتا ہے۔ دروازوں کے ہینڈل قبضوں سے دور لگائے جاتے ہیں تاکہ مومنٹ آرم بڑھ جائے؛ اس سے کم فورس لگا کر زیادہ ٹارک پیدا ہوتا ہے اور دروازہ کھولنا آسان ہو جاتا ہے۔

Q3(viii) دی گئی قیمت: $r = 1.2$ m، $F = 300$ N۔ ٹارک $\tau = rF = 1.2 \times 300 = 360$ N m۔ فورس دروازے کو اینٹی کلاک وائز گھماتی ہے اس لیے ٹارک مثبت ہوگا۔ جواب: 360 N m، مثبت۔

Q4(i) جب لوہے کی کیل یا سلاخ کے گرد لپٹی ہوئی تار کی کوائل میں سے الیکٹرک کرنٹ گزارا جائے تو وہ میگنیٹ بن جاتی ہے۔ کرنٹ پر چلنے والے اس عارضی میگنیٹ کو الیکٹرو میگنیٹ کہتے ہیں۔

Q4(ii) حرارت کے بہاؤ کا تعین دو اشیاء کے ٹمپریچر کے فرق سے ہوتا ہے۔ حرارت ہمیشہ زیادہ ٹمپریچر والی شے سے کم ٹمپریچر والی شے کی طرف بہتی ہے۔

Q4(iii) میگنیٹ کے گرد وہ علاقہ جس میں میگنیٹک فورس کا اثر محسوس کیا جا سکے، میگنیٹک فیلڈ کہلاتا ہے۔

Q4(iv) ٹھوس میں مالیکیولز اپنی مستقل جگہوں پر مضبوط کشش کی فورس سے جڑے ہوتے ہیں اور صرف ارتعاشی حرکت کرتے ہیں، اس لیے نہ ان کا والیوم بدلتا ہے نہ شکل۔

Q4(v) بصریات فزکس کی وہ شاخ ہے جو نظر آنے والی روشنی کے طبیعی پہلوؤں سے تعلق رکھتی ہے، جیسے منشور سے روشنی کا انتشار۔

Q4(vi) حساسیت سے مراد ہے کہ ٹمپریچر میں معمولی تبدیلی پر تھرمامیٹر کتنی واضح ریڈنگ دیتا ہے۔ مثلاً تنگ بور والی ٹیوب والا تھرمامیٹر زیادہ حساس ہوتا ہے۔

Q4(vii) نینوٹیکنالوجی فزکس، کیمسٹری، میٹیریل سائنس اور انجینئرنگ کی مشترکہ کوشش کا نتیجہ ہے۔ اس کے منفرد استعمال میڈیکل، انرجی اور الیکٹرونکس میں ہوتے ہیں۔

Q4(viii) مستقل میگنیٹس: لاؤڈ سپیکر، کمپاس اور میگنیٹک ریکارڈنگ میں استعمال ہوتے ہیں۔ الیکٹرو میگنیٹس: الیکٹرک کرین، سرکٹ بریکر اور الیکٹرک بیل میں استعمال ہوتے ہیں۔

Section-II — Long Answers (outline)

Q5(A) چلنا ناممکن ہو جائے گا کیونکہ پاؤں پھسلتے رہیں گے، گاڑیوں کے بریک کام نہیں کریں گے، ہاتھ سے چیزیں پکڑی نہیں جا سکیں گی، کیل اور پیچ ڈھیلے ہو جائیں گے اور لکھنا بھی ممکن نہیں ہوگا۔ فرکشن کے بغیر روزمرہ زندگی کا نظام درہم برہم ہو جائے گا۔

Q5(B) ہاں، ممکن ہے۔ عموداً اوپر پھینکی گئی گیند بلند ترین نقطے پر ایک لمحے کے لیے رک جاتی ہے (ولاسٹی صفر) مگر اس پر گریویٹی کا ایکسلریشن ($g = 10$ m s^{-2} نیچے کی طرف) بدستور عمل کر رہا ہوتا ہے، اسی لیے وہ فوراً نیچے گرنا شروع کر دیتی ہے۔

Q6(A) توازن کی پہلی شرط یہ ہے کہ جسم پر حاصل فورس صفر ہو ($\Sigma F = 0$)۔ ایکسلریشن کا مطلب ہے کہ جسم پر کوئی حاصل فورس ضرور عمل کر رہی ہے ($F = ma$)، اس لیے توازن کی شرط پوری نہیں ہوتی اور ایسے جسم کو توازن کی حالت میں نہیں کہا جا سکتا۔

Q6(B) تعریف: کسی متحرک جسم میں اس کی حرکت کی وجہ سے جو انرجی ہوتی ہے اسے کائینیٹک انرجی کہتے ہیں۔ فارمولا: اسے معلوم کرنے کا فارمولا $KE = \frac{1}{2}mv^2$ ہے، جہاں m جسم کا ماس (kg میں) اور v اس کی ولاسٹی (m/s میں) ہے۔ یونٹ: اس کا SI یونٹ جول (J) ہے۔ مثال: اگر 2 kg ماس کا جسم 3 m/s کی سپیڈ سے حرکت کر رہا ہو تو اس کی کائینیٹک انرجی $KE = \frac{1}{2} \times 2 \times (3)^2 = 9$ J ہوگی۔

Q7(A) دائیں ہاتھ کے اصول کے مطابق سولی نائڈ میں کرنٹ کی سمت ایسی رکھیں کہ سرے A کی طرف سے دیکھنے پر کرنٹ گھڑی کی مخالف سمت (اینٹی کلاک وائز) میں بہتا ہوا نظر آئے۔ اس صورت میں سرا A شمالی (N) پول اور سرا B جنوبی (S) پول بنے گا۔ ڈایا گرام میں سولی نائڈ کے گرد کرنٹ کی سمت تیر کے نشانوں سے ظاہر کریں اور سلاخ کے سروں پر A=N اور B=S لکھیں۔

Q7(B) اتنے ہی وقت میں چولہا اتنی ہی حرارت دے گا۔ چونکہ پانی کی مقدار دوگنی ہے، اس لیے ٹمپریچر میں اضافہ آدھا ہوگا، یعنی 1°C۔
(حرارت = ماس × مخصوص حرارت × ٹمپریچر کا فرق، اس لیے ماس دوگنا ہونے پر ٹمپریچر کا فرق آدھا رہ جاتا ہے۔)

Paper 5

MCQ Answers

1. (b) ہاتھ کی بالشت، قدم اور پاؤں۔ 2. (a) $p' = -p$۔ 3. (a) تیسری صدی میں۔ 4. (b) کیونکہ الکحل بے رنگ ہوتا ہے۔ 5. (d) 273۔ 6. (b) 6.75 mm۔ 7. (b) ایکسز آف روٹیشن سے فورس کے عمل کی لائن کا عمودی فاصلہ۔ 8. (b) 2 s۔ 9. (a) تیل، کوئلہ اور گیس۔ 10. (a) سب سے نچلے سوراخ سے۔ 11. (a) حرارتی ارتعاش سے میگنیٹزم کم ہو جاتی ہے۔ 12. (a) 3×10^{8} m s^{-1}

Section-I — Short Answers

Q2(i) اگر کسی الگ تھلگ سسٹم (جس پر کوئی بیرونی فورس عمل نہ کر رہی ہو) میں اجسام آپس میں ٹکرائیں تو ٹکراؤ کے بعد سسٹم کا کل مومنٹم، ٹکراؤ سے پہلے کے کل مومنٹم کے برابر ہوتا ہے، یعنی $m_1v_1 + m_2v_2 = m_1v'_1 + m_2v'_2$۔ یہ اصول بڑی اشیا کے ساتھ ساتھ انتہائی چھوٹی اشیا مثلاً ایٹمز اور مالیکیولز پر بھی لاگو ہوتا ہے۔

Q2(ii) کتاب پر چار فورسز عمل کرتی ہیں: (1) لگائی گئی فورس — دھکیلنے کی سمت میں آگے کی طرف، (2) فرکشن — حرکت کی مخالف سمت میں پیچھے کی طرف، (3) عمودی (نارمل) فورس — سطح سے اوپر کی طرف، (4) وزن — نیچے زمین کی طرف۔ ڈایا گرام میں تیر کی لمبائی فورس کی عددی قیمت اور تیر کی سمت فورس کی سمت ظاہر کرتی ہے۔

Q2(iii) دی گئی قیمت: $F = 5$ N، $m = 10$ kg۔ (الف) نیوٹن کے دوسرے قانون سے $a = F/m = 5/10 = 0.5$ m s^{-2}۔ (ب) ریسٹ سے چلنے پر $v = at = 0.5 \times 5 = 2.5$ m s^{-1}۔ جواب: ایکسلریشن 0.5 m s^{-2} اور 5 سیکنڈ بعد ولاسٹی 2.5 m s^{-1}۔

Q2(iv) B کی ریڈنگ (6.0 cm) صحیح ہے کیونکہ آنکھ اسکیل کے بالکل عموداً ہو تو پیرالکس ایرر نہیں ہوتا۔ A اور C میں ترچھی نظر کی وجہ سے بالترتیب 5.9 cm اور 6.1 cm کی غلط ریڈنگ ملتی ہے۔
